# نوٹس برائے غیر معمولی اجلاسِ عام

اطلاع دی جاتی ہے کہ ملت ٹریکٹرز لمیٹڈ کا غیر معمولی اجلاسِ عام کمپنی کے رجسٹرڈ دفتر بمقام 9-کلومیٹر شیخوپورہ روڈ، شاہدرہ، لاہور بروز جمعہ 05 جون، 2026 بوقت 12:00 بجے ذاتی طور پر اور آن لائن ویڈیو کانفرس کے ذریعے مندرجہ ذیل امور کی انجام دہی کے لیے منعقد ہوگا۔

## الف) امورِ عام

1) 62 ویں سالانہ اجلاسِ عام منعقدہ 24 اکتوبر، 2026 کے مندرجات کی تصدیق

## ب) امورِ خاص:

کمپنی کے شیئر سرمایہ کی تقسیم (Subdivision of Share Capital) کے مقصد کے لیے کمپنیز ایکٹ 2017 کی دفعہ 85 کے تحت، درج ذیل خصوصی قرارداد کو، ترمیم کے ساتھ یا بغیر، غور و خوض کے بعد منظور کیا جائے:

"طے پایا ہے کہ کمپنیز ایکٹ 2017 کی دفعہ 85 اور کمپنی کے آرٹیکلز آف ایسوسی ایشن کے آرٹیکل 34 کے مطابق، کمپنی کے موجودہ سرمایہ، بشمول مجاز (Authorized)، جاری شدہ (Issued) اور ادا شدہ سرمایہ (Paid-up-Capital)، میں اس طرح تبدیلی کی جاتی ہے کہ کمپنی کے ہر ایک عدد عام شیئر جس کی مالیتی قیمت (Face Value) 10 روپے ہے، کو تقسیم کر کے 5 روپے مالیت کے دو عام شیئرز میں تبدیل کر دیا جائے گا، جبکہ شیئرز کے حقوق اور مراعات میں کوئی تبدیلی نہیں ہوگی۔"

مزید طے پایا ہے کہ کمپنی کے مجاز سرمایہ (Authorized Capital) کو 10 روپے فی شیئر مالیتی قیمت کے 530,000,000 عام شیئرز سے تقسیم کر کے 5 روپے فی شیئر مالیتی قیمت کے 1,060,000,000 عام شیئرز میں تبدیل کیا جاتا ہے۔

مزید طے پایا ہے کہ کمپنی کے جاری شدہ اور ادا شدہ سرمایہ (Issued and Paid-up Capital)، جو 10 روپے فی شیئر مالیتی قیمت کے 199,515,947 عام شیئرز پر مشتمل ہے، کو تقسیم کر کے 5 روپے فی شیئر مالیتی قیمت کے 399,031,894 عام شیئرز میں تبدیل کیا جاتا ہے۔

مزید طے پایا ہے کہ کمپنی کے میمورنڈم آف ایسوسی ایشن کی شق نمبر V میں درج 5,300,000,000 روپے (صرف پانچ ارب تین سو ملین روپے) جو 10 روپے فی شیئر مالیتی قیمت کے 530,000,000 (صرف پانچ سو تیس ملین) عام شیئرز میں تقسیم شدہ ہیں کو تبدیل کر کے 5 روپے فی شیئر مالیتی قیمت کے 1,060,000,000 (صرف ایک ارب ساٹھ ملین) عام شیئرز'۔"

مزید طے پایا ہے کہ کمپنی کے آرٹیکلز آف ایسوسی ایشن کے آرٹیکل 5 میں درج 5,300,000,000 روپے (صرف پانچ ارب تین سو ملین روپے) جو 10 روپے فی شیئر مالیتی قیمت کے 530,000,000 (صرف پانچ سو تیس ملین) عام شیئرز میں تقسیم شدہ ہیں کو تبدیل کر کے 5 روپے فی شیئر مالیتی قیمت کے 1,060,000,000 (صرف ایک ارب ساٹھ ملین) عام شیئرز'۔

مزید طے پایا ہے کہ کمپنی کے چیف ایگزیکٹو آفیسر، چیف فنانشل آفیسر یا کمپنی سیکریٹری کو انفرادی یا اجتماعی طور پر مکمل اختیار اور مجاز قرار دیا جاتا ہے کہ وہ مذکورہ بالا قراردادوں پر عمل درآمد کے لیے تمام ضروری اقدامات کریں اور تمام کارپوریٹ و قانونی تقاضے اور رسمی کارروائیاں مکمل کریں، جن میں ممبرز رجسٹر کی بندش (Closure of Member Registers) کا اعلان، مؤثر تاریخ (EffectiveDate) کا تعین، نئے فزیکل اور الیکٹرانک شیئرز کا اجراء/کریڈٹ اور دیگر تمام ریگولیٹری تقاضوں کی تکمیل شامل ہے۔"

**3-** ای-بائیک پراجیکٹ کی فنانسنگ کے لیے ملت انڈسٹریل پروڈکٹس لمیٹڈ (ایم آئی پی ایل) کے حق میں کارپوریٹ گارنٹی، لیٹر آف کمفرٹ، اور/یا دیگر سیکیورٹی انتظامات کی منظوری۔

طے پایا ہے کہ کمپنیز ایکٹ 2017 کی دفعہ 208 اور دیگر قابلِ اطلاق دفعات، کمپنی کے آرٹیکلز آف ایسوسی ایشن، اور Sucurities Exchange Commission of Pakistan، State Bank of Pakistan اور Pakistan Stock Exchange کے تمام ریگولیٹری تقاضوں سے مشروط، Millat Tractors Limited ("MTL") کے اراکین اس بات کی منظوری دیتے ہیں کہ MTL اپنی ذیلی کمپنی Millat Industrial Products Limited (MIPL) کے قرض دہندگان (Lenders) کے حق میں ای-بائیک پراجیکٹ کی فنانسنگ کے مقصد کے لیے مجموعی طور پر 1,500,000,000 روپے (صرف ایک ارب پانچ سو ملین روپے) تک کی حد تک کارپوریٹ گارنٹی، لیٹر آف کمفرٹ، اور/یا دیگر سیکیورٹی انتظامات جاری کرے۔

مزید طے پایا ہے کہ مذکورہ سیکیورٹی انتظامات صرف MIPL کے ای-بائیک پراجیکٹ کی فنانسنگ کے لیے فراہم کیے جائیں گے، ایسی شرائط و ضوابط کے تحت جو قرض دہندگان کے ساتھ طے کیے جائیں، اور یہ درج ذیل شرائط سے مشروط ہوں گے:

1۔ MTL کی مجموعی مشروط ذمہ داری کسی بھی وقت 1,500,000,000 روپے سے زیادہ نہیں ہوگی؛

2۔ تمام قابلِ اطلاق قوانین، ضوابط اور کارپوریٹ گورننس تقاضوں کی تعمیل کی جائے گی؛

3۔ MIPL کی جانب سے MTL کو ایسے تمام ادائیگیوں یا ذمہ داریوں کے عوض جو MTL سیکیورٹی انتظامات کے تحت ادا کرے یا برداشت کرے، کاؤنٹر انڈیمنٹی فراہم کی جائے گی؛

4۔ MTL کی جانب سے MIPL سے آرمز لینتھ بنیاد پر گارنٹی کمیشن یا فیس وصول کی جائے گی۔

مزید طے پایا ہے کہ MTL کے چیف ایگزیکٹو آفیسر، چیف فنانشل آفیسر، اور کمپنی سیکریٹری کو انفرادی یا مشترکہ طور پر اختیار دیا جاتا ہے کہ وہ اس خصوصی قرارداد پر عمل درآمد کے لیے تمام ضروری دستاویزات،

معاہدے، ڈیڈز، انسٹرومنٹس اور تحریری دستاویزات پر مذاکرات، حتمی شکل، دستخط، ترسیل اور رجسٹریشن کریں، اور تمام ضروری اقدامات اور کارروائیاں انجام دیں، جن میں PSX اور SECP کو مطلوبہ افشاء (disclosures) فراہم کرنا اور جہاں ضروری ہو کمپنی کی مشترکہ مہر (Common Seal) ثبت کرنا شامل ہے۔

مزید طے پایا ہے کہ اس معاملے کے سلسلے میں بورڈ آف ڈائریکٹرز اور کمپنی کے افسران کی جانب سے پہلے سے کیے گئے تمام اقدامات، اعمال اور کارروائیوں کی توثیق اور تصدیق کی جاتی ہے۔"

## سی) امورِ دیگر

صاحبِ صدر کی اجازت سے کوئی اور دوسری ٹرانزیکشن کرنا

بحکم بورڈ

مدثر صدیق | لاہور:

کمپنی سیکریٹری | 15 مئی، 2026

## نوٹس:

**1.** کمپنی کی منتقلی حصص کی کتابیں 27 مئی، 2026 سے 05 جون، 2026 تک (بشمول ہر دو ایام) بند رہیں گی۔ اور اس مدت کے دوران کوئی منتقلی قبول نہیں کی جائے گی۔ شیئر زرجسٹرار میسرز سی ڈی سی شیئر زرجسٹرار سروسز لمیٹڈ سی ڈی سی ہاؤس، B-99 بلاک - بی، ایس ایم سی ایچ، مین شاہراہِ فیصل، کراچی۔ کے دفتر میں 26 مئی، 2026 کو بزنس کلوز ہونے تک وصول ہونے والی ہر لحاظ سے مکمل اجلاس میں شریک ہونے اور ووٹ ڈالنے کے لیے بروقت تصور کی جائیں گی۔

**2.** اجلاس ہذا میں شرکت اور ووٹ دینے کا اہل ممبر اپنے بجائے کسی دوسرے ممبر کو اجلاس میں شرکت اور ووٹ دینے کے لیے پراکسی (اپنا نمائندہ) مقرر کر سکتا/سکتی ہے۔ مہر اور دستخط شدہ پراکسیاں تا آنکہ مئوثر ہو سکیں کمپنی کے رجسٹرڈ دفتر میں اجلاس سے کم از کم 48 گھنٹے قبل لازماً وصول ہونی چاہئیں۔

**3.** ممبران جو سنٹرل ڈیپازیٹری کمپنی آف پاکستان میں شیئرز جمع کروا چکے ہیں، مندرجہ ذیل ہدایات پر عمل کریں۔

### الف) انفرادی طور پر اجلاس میں شمولیت

i) انفرادی شمولیت کی صورت میں اکاؤنٹ ہولڈر، سب اکاؤنٹ ہولڈر یا وہ افراد جن کی سیکیورٹیز گروپ اکاؤنٹ میں ہیں اور ان کی رجسٹریشن کی تفصیلات کا ہدایات کے مطابق اندراج ہے، اجلاس میں حاضری کے وقت اپنا اصلی پاسپورٹ یا اصلی کمپیوٹرائزڈ شناختی کارڈ دکھا کر اپنی شناخت کی تصدیق کروائیں۔

ii) کارپوریٹ اداروں کی صورت میں بورڈ آف ڈائریکٹرز کی قرارداد یا پاور آف اٹارنی نامزد الیہ کے دستخط کے نمونوں کے ہمراہ اجلاس میں پیش کیے جائیں۔

### ب) پراکسیوں کا تقرر

i) انفرادی صورت میں، اکاؤنٹ ہولڈر یا سب اکاؤنٹ ہولڈر اور/یا وہ افراد جن کے گروپ اکاؤنٹ میں سیکیورٹی موجود ہو اور قواعد کے تحت اپنی رجسٹریشن کی تفصیلات درج کرائی ہوں وہ درج بالا ضرورت کے تحت پراکسی فارم جمع کرائیں گے۔

ii) شیئر مالکان کے پاسپورٹ اور شناختی کارڈ کی تصدیق شدہ نقول پراکسی فارم کے ساتھ پیش کی جائیں گی۔

iii) پراکسی افراد اجلاس کے وقت اصلی شناختی کارڈ/پاسپورٹ پیش کریں گے۔

iv) کارپوریٹ اداروں کی صورت میں بورڈ آف ڈائریکٹر کی قرارداد یا پاور آف اٹارنی دستخط شدہ نمونے پراکسی فارم کے ہمراہ جمع کرائے جائیں گے۔

## 4۔ غیر معمولی اجلاس عام میں شمولیت:

سیکیورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان نے اپنی گائیڈ لائنز کے ذریعے لسٹڈ کمپنیز کو ویڈیو لنک کی سہولت فراہم کرنے کی بھی ہدایت کی ہے۔ اس لئے ہمارے معزز شیئر ہولڈرز کے صحت مندانہ مفاد اور زیادہ سے زیادہ شمولیت یقینی بنانے کیلئے کمپنی نے غیر معمولی اجلاس عام میں شرکت کیلئے ویڈیو لنک کی سہولت کا انتظام کیا ہے۔ غیر معمولی اجلاس عام میں بذریعہ ویڈیو لنک شرکت کے خواہشمند شیئر ہولڈرز سے درخواست ہے کہ وہ درج ذیل معلومات ای میل ایڈریس cdcsr@cdcsrsl.com پر ارسال کریں یا واٹس ایپ نمبر 0321-8200864 پر میسج کریں۔

| فولیو/سی ڈی سی اکاؤنٹ نمبر | کمپنی نام | شیئرز کی کل تعداد | نام | قومی شناختی کارڈ نمبر | موبائل نمبر | ای میل ایڈریس |
|---|---|---|---|---|---|---|
| | ملت ٹریکٹرز لمیٹڈ | | | | | |

ایسے ممبران جن کی تمام مطلوبہ کوائف کی تفصیلات 03 جون، 2026 کاروباری دورانیہ کے اختتام تک (05:00 بجے شام) مذکورہ بالا ای میل ایڈریس پر موصول ہوں گی اُن کو ویڈیو لنک اور لاگ اِن کی معلومات شیئر کر دی جائیں گی۔

## 05۔ خصوصی کاروباری قراردادوں پر پولنگ۔

ممبران کو مطلع کیا جاتا ہے کہ کمپنیز (پوسٹل بیلٹ) ریگولیشنز، 2018 ("ریگولیشنز")، جو کہ سیکیورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان ("SECP") نے جاری کیا ہے۔ ایس ای سی پی نے تمام لسٹڈ کمپنیز کو ہدایت کی ہے کہ وہ اپنے ممبران کو اسپیشل بزنس پر ووٹنگ کے لیے الیکٹرونک ووٹنگ اور پوسٹل بیلٹ کی سہولت فراہم کریں۔

ان ریگولیشنز کے مطابق ملت ٹریکٹرز لمیٹڈ ("کمپنی") اپنے شیئر ہولڈرز کو بروز جمعہ 05 جون، 2026 12:00 P.M کو منعقد ہونے والے غیر معمولی جنرل اجلاس میں اسپیشل بزنس کے لیے الیکٹرانک ووٹنگ کی سہولت کے ساتھ ڈاک کے ذریعے ووٹ دینے کا حق استعمال کرنے کا انتظام کیا ہے۔ اراکین کی سہولت کے لیے بیلٹ پیپر اس نوٹس کے ساتھ منسلک ہے اور یہ کمپنی کی ویب سائٹ www.millat.com.pk سے بھی ڈاؤن لوڈ کے لیے دستیاب ہے۔

### ای ووٹنگ کا طریقہ کار۔

I- ای ووٹنگ کی سہولت کی تفصیلات کمپنی کے ان اراکین کے ساتھ ایک ای میل کے ذریعے شیئر کی جائیں گی جن کے درست سی این آئی سی نمبر، موبائل نمبر، اور ای میل ایڈریس 26 مئی، 2026 کو کاروبار بند ہونے تک کمپنی کے ممبران کے رجسٹر میں دستیاب ہوں گے۔

II- ویب ایڈریس، لاگ ان کی تفصیلات، اور پاس ورڈ، کا ای میل کے ذریعے اراکین کو مطلع کیا جائے گا۔ سی ڈی سی شیئر رجسٹرار سروسز لمیٹڈ (ای ووٹنگ سروس فراہم کنندہ ہونے کے ناطے) کے ویب پورٹل سے ایس ایم ایس کے ذریعے اراکین کو سیکیورٹی کوڈ زکی اطلاع دی جائے گی۔

III- ای ووٹنگ کے ذریعے ووٹ ڈالنے کا ارادہ رکھنے والے اراکین کی شناخت کی تصدیق الیکٹرانک دستخط یا لاگ ان کے ذریعے کی جائے گی۔

IV- ای ووٹنگ لائینز 02 جون، 2026، سے شروع ہوں گی اور 04 جون، 2026 کو شام 05:00 بجے بند ہوں گی۔ ممبران اس مدت کے دوران کسی بھی وقت اپنا ووٹ ڈال سکتے ہیں۔ ایک بار جب کسی رکن کی طرف سے قرارداد پر ووٹ ڈال دیا جاتا ہے، تو اسے بعد میں تبدیل کرنے کی اجازت نہیں ہوگی۔

### پوسٹل بیلٹ کے ذریعے ووٹ ڈالنے کا طریقہ کار۔

اراکین اس بات کو یقینی بنائیں گے کہ کمپیوٹرائزڈ قومی شناختی کارڈ (CNIC) کی کاپی کے ساتھ صحیح طریقے سے بھرے اور دستخط شدہ بیلٹ پیپر، کمپنی کے رجسٹرڈ پتے پر 9 کلومیٹر، شیخوپورہ روڈ، شاہدرہ، لاہور پر ڈاک کے ذریعے میٹنگ کے چیئرمین تک بھیج دیں یا 04 جون، 2026 کو ہونے والے غیر معمولی اجلاس سے ایک دن پہلے کاروباری اوقات کار کے دوران corporate.affairs@millat.com.pk پر ای میل کریں۔ بیلٹ پیپر پر دستخط CNIC پر دستخط کے مطابق ہوں گے۔

## 06- فزیکل شیئرز کو بک انٹری فارم میں تبدیل کرنا:

سیکورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان (SECP) نے اپنے سرکلر نمبر CSD/ED/Misc/3026-639-640 مورخہ 26 مارچ 2021 کے ذریعے لسٹڈ کمپنیوں کو ہدایت کی ہے کہ وہ کمپنیز ایکٹ 2017 (ایکٹ) کی شق 72 کی دفعات پر، ان کی جانب سے فزیکل فارم میں جاری کردہ حصص کی جگہ بک آف انٹری فارم میں جاری کر کے عمل کریں۔ فزیکل فولیو/شیئر سرٹیفکیٹ رکھنے والے حصص یافتگان سے درخواست کی جاتی ہے کہ وہ جلد از جلد اپنے حصص کو فزیکل فارم سے بک انٹری فارم میں تبدیل کریں، حصص یافتگان کسی بھی اسٹاک بروکر، سی ڈی سی پارٹیسپینٹ (PSX کا ممبر) یا سی ڈی سی اکاؤنٹ سروسز سے CDS اکاؤنٹ کھولنے اور اسکے بعد فزیکل شیئرز کو بک انٹری فارم میں اکاؤنٹ میں جمع کروانے میں مدد کیلئے رابطہ کر سکتے ہیں۔

## 07- ویڈیو کانفرنس کی سہولت

"مندرجہ بالا "نوٹ "4 میں بیان کردہ تقاضوں اور انتظامات کے علاوہ کمپنیز ایکٹ 2017 کی دفعہ 132 اور Securities Exchange Commission of Pakistan کے سرکلر نمبر 10 برائے 2014 کے تقاضوں کو مدنظر رکھتے ہوئے، اگر کمپنی کو ایسے اراکین کی جانب سے، جو مجموعی طور پر 10 فیصد یا اس سے زائد شیئر ہولڈنگ رکھتے ہوں اور کسی مخصوص جغرافیائی مقام پر مقیم ہوں، غیر معمولی جنرل میٹنگ (EOGM) میں ویڈیو کانفرنس کے ذریعے شرکت کرنے کی درخواست موصول ہوتی ہے، اور یہ درخواست EOGM کی تاریخ سے کم از کم سات دن قبل موصول ہو جائے، تو کمپنی اس شہر میں ویڈیو کانفرنس کی سہولت فراہم کرے گی، بشرطیکہ اس شہر میں ایسی سہولت دستیاب ہو۔ کمپنی اراکین کو ویڈیو کانفرنس سہولت کے مقام اور اس تک رسائی کے لیے درکار مکمل معلومات EOGM کی تاریخ سے کم از کم 7 دن قبل فراہم کرے گی۔

اگر آپ مندرجہ بالا کے مطابق ویڈیو کانفرنس کی سہولت سے فائدہ اٹھانا چاہتے ہیں تو براہِ کرم درج ذیل معلومات مکمل کر کے EOGM سے کم از کم 07 دن قبل کمپنی کے رجسٹرڈ آفس میں جمع کروائیں۔

میں/ہم، __________ ولد/بنت/ساکن __________، جو Millat Tractors Limited کے رکن ہیں اور رجسٹرڈ فولیو نمبر/CDC اکاؤنٹ نمبر __________ کے مطابق __________ عام شیئرز کے حامل ہیں، بذریعہ ویڈیو کانفرنس __________ میں شرکت کرنے کا انتخاب کرتے ہیں۔"

## 8۔ تحائف کی تقسیم سے متعلق SECP کی ہدایات

کمپنیز ایکٹ 2017 کی دفعہ 185 اور Securities Exchange Commission of Pakistan کی جانب سے جاری کردہ SRO452(I)/2025 مورخہ 17 مارچ 2025 کی

تعمیل میں، اجلاس کے دوران کوئی تحائف تقسیم نہیں کیے جائیں گے۔"

## کمپنیز ایکٹ, 2017 کے سیکشن (3)134 کے تحت بیان

## ایجنڈا آئٹم نمبر 2

یہ بیان جمعہ، 05 جون 2026 کو منعقد ہونے والی غیر معمولی جنرل میٹنگ (Extraordinary General Meeting) میں زیر غور آنے والے خصوصی امور سے متعلق اہم حقائق بیان کرنے کے لیے جاری کیا جا رہا ہے۔

کمپنی کا سبسکرائبڈ اور ادا شدہ سرمایہ 199,515,947 عام شیئرز پر مشتمل ہے، جن میں سے ہر شیئر کی مالیتی قیمت 10 روپے ہے۔ شیئر ہولڈرز کی قدر میں مزید اضافہ کرنے اور چھوٹے سرمایہ کاروں کی شرکت کو فروغ دینے کے لیے، بورڈ آف ڈائریکٹرز نے مذکورہ بالا شیئر تقسیم (Subdivision) کی تجویز پیش کی ہے، جس سے شیئرز کی تعداد میں اضافہ ہوگا اور مختلف سرمایہ کاروں کے لیے سرمایہ کاری کے مواقع بڑھیں گے، جبکہ کمپنی کی گزشتہ برسوں کی کامیابیوں میں انہیں شریک کیا جا سکے گا۔ بورڈ آف ڈائریکٹرز نے کمپنی کے شیئرز کی مالیتی قیمت 10 روپے سے کم کر کے 5 روپے کرنے کے ذریعے سرمایہ کی تقسیم کی تجویز منظور کی ہے۔ چنانچہ ہر شیئر ہولڈر کو 10 روپے مالیت کے ہر 1 شیئر کے بدلے 5 روپے مالیت کے 2 شیئرز جاری کیے جائیں گے۔

تقسیم کے نتیجے میں تخلیق ہونے والے نئے شیئرز موجودہ شیئرز کے برابر (passupari) ہوں گے اور ان کے ساتھ منسلک حقوق و مراعات میں کوئی تبدیلی نہیں ہوگی۔ 5 روپے مالیتی قیمت والے نئے شیئرز شیئر ہولڈرز کو یا تو فزیکل صورت میں جاری کیے جائیں گے یا پھر ان کے انویسٹر اکاؤنٹس، جو سنٹرل ڈپازٹری کمپنی آف پاکستان لمیٹڈ (CDC) کے پاس برقرار ہیں، میں ان کی متعلقہ اہلیت کے مطابق مؤثر تاریخ پر کریڈٹ کیے جائیں گے۔

بورڈ آف ڈائریکٹرز نے کمپنیز ایکٹ 2017 کی دفعہ 85 اور کمپنی کے آرٹیکلز آف ایسوسی ایشن کے آرٹیکل 34 کے تحت اس خصوصی قرارداد کی منظوری اور سفارش کی ہے۔

کمپنی کے ڈائریکٹرز کا اس معاملے میں اپنے متعلقہ شیئر ہولڈنگ کے علاوہ کوئی ذاتی مفاد نہیں ہے۔

شیئرز کی تقسیم اور اس کے نتیجے میں شیئرز کی تعداد میں اضافے کے مقصد کے لیے، میمورنڈم آف ایسوسی ایشن کی موجودہ شق V اور آرٹیکلز آف ایسوسی ایشن کے آرٹیکل 05 میں بھی ترامیم درکار ہوں گی۔

بورڈ آف ڈائریکٹرز نے اس بات کی تصدیق کی ہے کہ میمورنڈم اور آرٹیکلز آف ایسوسی ایشن میں مجوزہ ترامیم قابل اطلاق قوانین اور ریگولیٹری فریم ورک کے مطابق ہیں۔

میمورنڈم اور آرٹیکلز آف ایسوسی ایشن کی متعلقہ سرمایہ جاتی شقوں میں موجودہ اور مجوزہ ترامیم کا تقابلی جائزہ ذیل میں فراہم کیا جا رہا ہے۔"

### منظور شدہ سرمایہ میں اضافہ

| تقابلی جائزہ | |
|---|---|
| **میمورنڈم آف ایسوسی ایشن کی موجودہ شق V** | **میمورنڈم آف ایسوسی ایشن کی تبدیل شدہ شق V** |
| " کمپنی کا سرمایہ 5,300,000,000 روپے (صرف پانچ ارب تین سو ملین روپے) ہے، جو 10 روپے فی شیئر مالیتی قیمت کے 530,000,000 (صرف پانچ سو تیس ملین) عام شیئرز میں تقسیم شدہ ہے۔ کمپنی کو یہ اختیار حاصل ہوگا کہ وہ کمپنیز ایکٹ 2017 کی دفعات کے مطابق کمپنی کے سرمایہ میں اضافہ، کمی یا از سرِ نو تنظیم (Reorganise) کرے اور موجودہ سرمایہ کے شیئرز کو مختلف اقسام میں تقسیم کرے۔" | کمپنی کا سرمایہ 5,300,000,000 روپے (صرف پانچ ارب تین سو ملین روپے) ہے، جو 5 روپے فی شیئر مالیتی قیمت کے 1,060,000,000 (صرف ایک ارب ساٹھ ملین) عام شیئرز میں تقسیم شدہ ہے۔ کمپنی کو یہ اختیار حاصل ہوگا کہ وہ کمپنیز ایکٹ 2017 کی دفعات کے مطابق کمپنی کے سرمایہ میں اضافہ، کمی یا از سرِ نو تنظیم (Reorganise) کرے اور موجودہ سرمایہ کے شیئرز کو مختلف اقسام میں تقسیم کرے۔" |

| تقابلی جائزہ | |
|---|---|
| **آرٹیکلز آف ایسوسی ایشن کا موجودہ آرٹیکل 5** | **آرٹیکلز آف ایسوسی ایشن کا تبدیل کیا گیا آرٹیکل 5** |
| " کمپنی کا سرمایہ 5,300,000,000 روپے (صرف پانچ ارب تین سو ملین روپے) ہے، جو 10 روپے فی شیئر مالیتی قیمت کے 530,000,000 (صرف پانچ سو تیس ملین) عام شیئرز میں تقسیم کیا گیا ہے۔ | کمپنی کا سرمایہ 5,300,000,000 روپے (صرف پانچ ارب تین سو ملین روپے) ہے، جو 5 روپے فی شیئر مالیتی قیمت کے 1,060,000,000 (صرف ایک ارب ساٹھ ملین) عام شیئرز میں تقسیم کیا گیا ہے۔ |

### تعارف اور پس منظر

چونکہ Millat Tractors Limited (جسے بعد ازاں "کمپنی" یا "MTL" کہا جائے گا) ایک پبلک لمیٹڈ کمپنی ہے جو باقاعدہ طور پر قائم کی گئی ہے اور Pakistan Stock Exchange میں لسٹڈ ہے، اور بنیادی طور پر زرعی ٹریکٹرز، زرعی آلات اور کثیر المقاصد مصنوعات کی اسمبلنگ اور مینوفیکچرنگ کے کاروبار میں مصروف ہے؛

اور چونکہ Millat Industiral Products Limited (جسے بعدازاں "MIPL" یا "ذیلی کمپنی" کہا جائے گا) MTL کی ایک ذیلی کمپنی ہے، جوکمپنیز ایکٹ 2017 کے تحت قائم کی گئی ہے، اور بنیادی طور پر گاڑیوں، صنعتی اور گھریلو بیٹریوں کی تیاری اور فروخت کے کاروبار میں مصروف ہے؛

اور چونکہ MIPL نے پاکستان میں الیکٹرک بائیکس (E-Bikes) کی اسمبلنگ، مینوفیکچرنگ اور مارکیٹنگ کے لیے M/s. Xiadau Electric Co. Ltd. کے ساتھ ایک مفاہمتی یادداشت (MOU) پر دستخط کیے ہیں (جسے بعدازاں "ای-بائیک پراجیکٹ" کہا جائے گا)، جو حکومتِ پاکستان کی نیشنل الیکٹرک وہیکل (EV) پالیسی 30-2025 کے مطابق ہے؛

اور چونکہ ای-بائیک پراجیکٹ سے متعلق سرمایہ جاتی اخراجات، ورکنگ کیپیٹل ضروریات اور دیگر منصوبہ جاتی اخراجات کی فنانسنگ کے لیے MIPL ایک یا زائد شیڈولڈ بینکوں، ڈویلپمنٹ فنانس اداروں (DFIs)، نان بینکنگ فنانس کمپنیوں (NBFCs) اور/ یا دیگر مالیاتی اداروں (مجموعی طور پر "قرض دہندگان") سے مجموعی طور پر 1,500,000,000 روپے (صرف ایک ارب پانچ سو ملین روپے) تک فنانسنگ حاصل کرنے کی تجویز رکھتی ہے؛

اور چونکہ MIPL نے اپنی ہولڈنگ کمپنی MTL سے درخواست کی ہے کہ وہ ای-بائیک پراجیکٹ کی فنانسنگ سہولتوں کے انتظامات کو ممکن بنانے کے لیے قرض دہندگان کے حق میں کارپوریٹ گارنٹی، لیٹر آف کمفرٹ اور/ یا دیگر ایسی سیکیورٹی یا کریڈٹ سپورٹ فراہم کرے جیسا کہ قرض دہندگان کی جانب سے مطلوب ہو؛

اور چونکہ MTL کے بورڈ آف ڈائریکٹرز نے اس معاملے کا جائزہ لینے اور اپنی ذیلی کمپنی کو ایسی معاونت فراہم کرنے کے اسٹریٹجک، تجارتی اور مالیاتی اثرات پر غور کرنے کے بعد یہ رائے قائم کی ہے کہ مذکورہ سیکیورٹی انتظامات کی منظوری کمپنی اور اس کے شیئر ہولڈرز کے بہترین مفاد میں ہے؛

لہٰذا، اب مناسب غور وخوض اور بحث کے بعد، کمپنیز ایکٹ 2017، کمپنی کے آرٹیکلز آف ایسوسی ایشن اور دیگر تمام قابلِ اطلاق قوانین وضوابط کے تحت بورڈ آف ڈائریکٹرز کو حاصل اختیارات کو بروئے کار لاتے ہوئے، درج ذیل قراردادیں منظور کی جاتی ہیں:"

## بورڈ کا بیان

مندرجہ بالا تبدیلی کی منظوری بورڈ آف ڈائریکٹرز نے اپنے مورخہ 28 اپریل، 2026 کے اجلاس میں دی ہے اور یہ قابلِ اطلاق قوانین اور ریگولیٹری فریم ورک کے مطابق ہے۔
ترمیم شدہ آرٹیکلز آف ایسوسی ایشن کی ایک نقل اراکین کے معائنہ کے لیے کمپنی سیکریٹری کے پاس دستیاب ہے۔